© rasailojaraid.com

عمدۃ اللبیب شرح شمیم الحبیب (عربی) از مولانا نیاز محمد صاحب میواتی تقطیع متوسط ضخامت ۲۰۸ صفحات، کتابت و طباعت معمولی قیمت درج نہیں۔

پتہ: مدرسہ عربیہ قاسم العلوم ڈاکخانہ نوح۔ ضلع گوڑگاؤں، ہریانہ۔

مولانا مفتی الہی بخش صاحب کاندھلوی حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے تلمیذ خاص اور اپنے عہد کے صاحب تصانیف کثیرہ بلند پایہ عالم اور محقق تھے۔ موصوف نے شیم الحبیب کے نام سے ایک مختصر رسالہ عربی میں لکھا تھا جس میں شمائل، ترمذی اور قاضی عیاض کی شفا سے اخذ کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل وخصائص سے متعلق روایات کو یکجا کر دیا گیا تھا مولانا نیاز محمد صاحب جو خود میوات کے جید عالم اور مصنف ہیں، انہوں نے اس کتاب میں اس رسالہ کی شرح لکھی ہے جس میں روایات کی سند پر محدثانہ کلام کے ساتھ مشکل الفاظ اور عبارتوں کا ادبی، نحوی۔ اور لغوی حل لکھا گیا ہے، اس بنا پر یہ کتاب اس کی مستحق ہے کہ مدارس عربیہ کے عربی ادب کے نصاب میں شامل کی جائے۔ شروع میں مولانا حبیب الرحمن صاحب میواتی کے قلم سے صاحب متن اور شارح دونوں کے احوال و سوانح اور علمی کارناموں کا مفید اور معلومات افزا تذکرہ ہے لیکن افسوس ہے کتاب چھپی بہت بد نما اور غلط ہے، اسے عربی ٹائپ میں چھپنا چاہیے تھا۔

نذر خسرو مرتبہ جناب ایس۔ ایس۔ لابنہ صاحب، تقطیع متوسط ضخامت ۶۰ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ۴/- **پتہ**: کے ۲۳/۱ کیرتی نگر نئی دہلی 110015

خسرو صدی تقریبات کے سلسلہ میں کتابیں شائع ہوئیں مقالات لکھے گئے تقریریں ہوئیں لیکن ایس۔ ایس۔ لابنہ صاحب جو اردو زبان کے دلدادہ اور خود صاحب ذوق ادیب ہیں نے بارگاہ خسروی میں ایک انوکھا نذرانۂ عقیدت لیکر حاضر ہوئے ہیں موصوف نے اس کتاب میں اردو کے ان اشعار کو یکجا کر دیا ہے (باقی صفحہ ۳۹ پر)

© rasailojaraid.com